23/01/2026

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر مینعابدہ اختر

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سر زمین ہندوستان کے عظیم ثپوت اورحب الوطنی، بہادری اور قربانی کی علامت کے مجسمے نیتا جی سبھاش چندر بوس کو ان کی جنم جینتی پر یاد کر تے ہوئے خراج عقیدت ادا کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں لیفٹنٹ گورنر نے وکست بھارت کی تعمیر کےلئے پراکرم دِوس پر لوگوں کے نیتا جی کے اصولوں کا پا بند بننے کی ضرورت اُجاگر کی ہے۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں آج سرینگر میں مختلف متعلقین کے ساتھ بجٹ سے پہلے کی مشاورت کا ایک اجلاس منعقد ہو گا۔ اس کے بعد وہ متعلقہ محکموں کے افسروں کے ساتھ بات چیت کر کے گذشتہ شام سے پیدا شدہ موسمی صورتحال کا بھی جائزہ لیں گے۔

اس سے پہلے جموں میں بھی بجٹ سے پہلے کی میٹنگس کا انعقاد کیا گیا۔دریناثناءوزیر اعلیٰ کی صدارت میں کل جموں میں منعقدہ کابینہ کمیٹی کی ایک میٹنگ کے دوران عوامی نوعیت اور انتظامی اہمیت کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔

برفباری

لمبی خشک سالی کے بعدجمونو کشمیر کے اکثر علاقوں میں گذشتہ شب سے محکمہ

موسمیات کی پیشگوئی کے عین مطابق بارش اور برفباری کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔ لمبے ؑ عرصے کے انتظار کے بعد بالآخر قدرت مہربانی ہو گئی اور رحمت باراں کا نزول ہو گیا۔ حالانکہ شبانہ آندھیوں کے نتیجے میں بعض تعمیراتی ڈھانچوں اور پیڑ پودوں کو نقصان بھی پہنچ گیا ہے۔

مختلف اضلاع میں موجود ہمارے نمائندوں کو خبر دی ہے کہ کپواڑہ، بانڈی پورہ، بڈگام، بارہمولہ، پلوامہ، شوپیان، کولگام، اننت ناگ، گاندربل اور سرینگر کے اُوپری علاقوں میں درمیانہ درجے کی برفباری ہو گئی ہے، جوکہ زراعت، آبپاشی اور ماحولیات کےلئے ایک نیک شگون مانا جا رہا ہے۔

تازہ ترین موسمی صورتحال کے بارے میں سرینگر میں محکمہ

موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا ۂ

۔

ٹریفک

اُبھرتی موسمی صورتحال کے تناظر میں وادی کا زمینی اور فضائی رابطہ منقطع ہو گیا ہے۔ سرینگر جموں قومی شاہراہ// سرینگر ۔لیہہ۔ قومی شاہراہ//اور مغل روڈ کے علاوہ دیگر رابطہ سڑکوں کو احتیاط کے طور پر بند کیا گیا ہے۔

برفباری کے پیش نظر سرینگر۔ بانہال ٹریک پر ریل سروس کو بھی معطل کر دیا گیا ہے۔ اس دوران ائر پورٹس اتھارٹی سرینگر کے ڈائریکٹر کے مطابق سرینگر بین الاقوامی ہوائی اڈے سے آج دن کےلئے سبھی پروازیں منسوخ کی گئی ہیں۔اس دوران مختلف مقامات پر سڑکوں سے برف ہٹانے کا کام بھی شروع کیا گیا ہے

Helpline

دریں اثناءمختلف اضلاع میں ضلع اور پولیس انتظامیہ کی جانب سے ہیلپ لائن نمبرات جا ری کئے گئے ہیں۔بڈگام ضلعے کا ایک ہیلپ لائن نمبر6006751939ہے ۔

ایس ایس پی سوپور کا ہیلپ لائنز نمبر9596773001ہے۔ ایس ایس پی اونتی پورہ کا نمبر9797556566ہے۔

DySP گاندربل کا نمبر7006455576ہے۔ پولیس سٹیشن سونمرگ کا نمبر7006790008ہے۔

ایمر جنسی کی صورت میں 112پر بھی رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے۔

پولیس نے لوگوں کو صلاح دی ہے کہ وہ دِگر گوں موسمی صورتحال کے پیش نظر چوکس رہیں اور ضرورت پڑنے کی صورت میں مشتہر کئے گئے ہیلپ لائنز نمبراد پر رابطہ قائم کرے۔

سیاحت

اس دوران سرد موسم کے با وجود آج کل سیاحتی سرگرمیاں اپنے عروج پر ہیں اور کئی سیاحتی مقامات پر مقامی، ملکی اور غیر ملکی سیلانی برفباری اور برفیلی چوٹیوں کا لطف اُٹھاتے ہوئے نظر آرہے ہیں۔

یہ سیاح یہاں کے سرد موسمی منظر نامے کے ساتھ ساتھ مقامی لوگوں کی مہمان نوازی کے زبردست قائل ہو رہے ہیں۔

چند بین الاقوامی سیاحوں کے تاثرات۔

....

شبِ معراج

معراج النبی ﷺ کے بعد جمعہ کے سلسلے میں آج پورے جموںوکشمیر میں دینی اجتماعات منعقد ہو رہے ہیں۔ سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقد ہو رہا ہے، جہاں آج نماز پنجگانہ کے بعد موئے مقدس آنحضور ﷺ کی زیارت کرائی جا رہی ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ